SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ 1982
SINDH ORDINANCE NO. XI OF 1982
سندھ ایگریکلچرٹس لون (ترمیم) آرڈیننس، 1982
THE SIND AGRICULTURISTS LOANS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1982

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and Commencement
2. مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1958 کی دفعہ 3 کی تبدیلی۔
Amendment of section 3 of the West Pakistan Act XVII of 1958
3. مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1958 کی دفعہ 5 کی تبدیلی۔
Amendment of section 5 of the West Pakistan Act XVII

سندھ آرڈیننس نمبر XI مجریہ 1982
SINDH ORDINANCE NO. XI OF 1982
سندھ ایگریکلچرٹس لون (ترمیم) آرڈیننس، 1982
THE SIND AGRICULTURISTS LOANS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1982

[11 جولائی 1982]

ایک آرڈیننس جس سے سندھ ایگریکلچرٹس لون ایکٹ، 1958 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

اس آرڈیننس کے ذریعے سندھ ایگریکلچرٹس، لون ایکٹ، 1958 میں اس طرح ترمیم کرنا مقصود ہے کہ جس سے چھوٹے کاشت کاروں کو دیئے گئے قرضوں کو سود سے مستثنیٰ کیا جائے اور ان کو قرض حسنہ کی سہولت مہیا کی جائے۔

مختصر عنوان اور شروعات
and Short Title, Commencement

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

لہذا اس لئے 5 جولائی 1977 کے اعلان اور وقتی آئین 1981 کے حکم کی تعمیل میں گورنر سندھ، بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے:-

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ ایگریکلچرٹس لون (ترمیم) آرڈیننس، 1982 کہا جائےگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا ، اس کو جولائی 1982 کے پہلے دن سے عائد سمجھا جائے گا۔

مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1958 کی دفعہ 3 کی تبدیلی۔
Amendment of section 3 of the West Pakistan Act XVII of 1958

2. سندھ ایگریکلچرٹس، لون ایکٹ، 1958 (جس کو اسکے بعد بھی ایکٹ کہا جائے گا) دفعہ3 کا اس طرح متبادل بنایا جائے گا۔

”3. (1) ادھار پر لیا گیا قرض یا قرضے پر لئے بیج سود سے مستثنیٰ ہونگے۔“

(2) اگر کسی ایسے حاجت مند کاشت کار جس کے پاس لینڈ ریفارمز ریگولیشن 1972 کے مطابق اپنے گذر اوقات جتنی زمین ہو اس کو ذیلی دفعہ (2) کے تحت دیئے گئے قرضہ جات اور قرضہ پر خریدے ہوئے بیج کی رقم قرض حسنہ ہوگی۔

مغربی پاکستان ایکٹ XVII مجریہ 1958 کی دفعہ 5 کی تبدیلی۔
Amendment of section 5 of the West Pakistan Act XVII

(3) ذیلی دفعہ (2) میں بیان شدہ قرض یا بیجےگئے بیج کے علاوہ باقی قرض کی وصولی کی جائے گی جس میں وصولی کی لاگت بھی شامل ہوگی اگر وہ اس طرح ہے تو ان لوگوں سے لینڈ روینیو کی بقایاجات کے طور پر لیا جائے گا جن کو قرضہ دیا گیا ہے، بیج بیجا گیا ہو یا ضمانتیں ہوں۔

3. اس ایکٹ کے تحت، دفعہ 5، کی ذیلی دفعہ (2) کے الفاظ ”اور سود“ کو حذف کردیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔